# بلاک سلیبس

## جماعت:پنجم

| پہلی میعاد | مضمون |
|---|---|
| ناظرہ قرآن:پارہ نمبر19 تا24<br>حفظ القرآن:سورۃ الفیل،سورۃ القریش<br>حفظ و ترجمہ:سورۃ الفاتحہ،التحیات<br>حدیث نبوی:حدیث نمبر1،2، 3 صفحہ نمبر8<br>دعائیں:سواری/سفر کی دعا<br>اسباق:<br>1-آخرت 2 ختم نبوت اور اطاعت رسول 3 معراج النبی<br>4-مواخات مدینہ 5-رواداری 6-ایفائے عہد<br>7-حضرت علیؓ 8-حادثات سے بچنے کی تدابیر | اسلامیات پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ لاہور<br>ناظرہ قرآن 4<br>کریکٹر ایجوکیشن فاؤنڈیشن |

نوٹ:تمام سرگرمیاں دی گئی جگہ پر حل کریں -سوالات کے جواب یاد کرنے کے بعد آخر میں دی گئی جگہ پر زبانی لکھیں

ناظرہ

کتاب کا سبق نمبر ایک سے سبق نمبر سولہ تک اچھی تجوید کے ساتھ پڑھنا سیکھیں

نماز اور قرآن کی تلاوت روزانہ کریں

ناظرہ کا پیپر ہو گا اس کے 50 نمبر ہیں

تاریخ: ____________ دن : ____________


## ایمان کی تعریف

آسان لفظوں میں ایمان سے مراد کسی چیز کو سچ مان کر اس پر یقین کر لینے کو ایمان کہتے ہیں

مثال: ہمارا یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ صرف ایک ہے

تو اس بات کو کہیں گے اللہ پر ایمان

### سرگرمی



**تاریخ:** ______________ **دن :** ______________

## سبق : آخرت

### عنوان: مختصر جواب تحریر کریں

سوال۔ آخرت پر ایمان رکھنے کا کیا مطلب ہے ؟

جواب۔ آخرت کا مطلب ہے کہ اس بات پر یقین رکھا جائے کہ دنیا کی زندگی عارضی ہے اور یہ زندگی ایک دن ختم ہو جائے گی

سوال حدیث مبارک کی روشنی میں دنیا کی حقیقت کیا ہے ؟

جواب۔ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ و آلہٖ و اصحابہٖ وسلم نے فرمای

**دنیا میں اس طرح زندگی بسر کرو جس طرح اجنبی یا راہ چلتا مسافر۔**

سوال نمبر قرآن مجید میں موجود آخرت کے کوئی سے تین نام لکھیں۔

جواب۔ یوم القیامہ۔ یوم الحاقہ۔ یوم الحساب

سوال۔ آخرت میں کامیابی کا انحصار کس بات پر ہے ؟

جواب۔ آخرت میں کامیابی کا انحصار دنیا میں کئے گئے نیک اعمال پر ہے

### سرگرمی

**دنیا اور آخرت کی رندگی کے بارے میں چند جملے لکھیں**

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

تاریخ: ____________ دن : ____________

آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے کون کون سے کام کرنے چاہیں



تاریخ: ______________ دن : ______________

## سبق : آخرت

عنوان۔ تفصیلی جواب

سوال نمبر 1۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں آخرت کی اہمیت واضح کریں۔

جواب۔عقیدہ آخرت پر ایمان لائے بغیر کوئی شخص مسلمان نہیں ہو سکتا۔ قرآن مجید میں ایمان لانے والوں کے بارے میں ارشاد ہے۔

**" اور وہ آخرت کا یقین رکھتے ہیں "**

دنیا کی مختصر اور آخرت کی ابدی زندگی کے بارے میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا:

**" دنیا میں اس طرح زندگی بسر کرو جس طرح اجنبی یا راہ چلتا مسافر "**

سوال نمبر2۔عقیدہ آخرت کے انسانی زندگی پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟

جواب: انسان کے اندر نیک کام کرنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے-

انسان جھوٹ بولنے اور دیگر برائیوں سے رک جاتا ہے

انسان اللہ تعالی کی نافرمانی سے بچ جاتا ہے

عقیدہ آخرت پر یقین سے انسان میں اچھے اخلاق پیدا ہوتے ہیں

عقیدہ آخرت پر یقین سے انسان میں جوابدہی کا احساس پیدا ہوتا ہے

تاریخ: ______________ دن : ______________

## سبق: معراج النبی صلی اللہ علیہ والہ صحابہ وسلم

**معراج النبی سے مراد وہ سفر ہے جس میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے مسجد حرام سے مسجد اقصی اور پھر اسمانوں کی سیر کی**

تاریخ: ________ دن : ________

سبق: معراج النبی صلی اللہ علیہ و علی الہ واصحابہ وسلم

عنوان: مختصر جواب تحریر کیجیے

سوال: سفر معراج سے کیا مراد ہے

جواب۔ معراج النبی سے مراد وہ سفر ہے جس میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے مسجد حرام سے مسجد اقصی اور پھر آسمانوں کی سیر کی

سوال: سدرۃ المنتہی کیا ہے

جواب: سدرۃ المنتہی ساتویں آسمان پر بیری کا ایک درخت ہے اس مقام سے اگے فرشتوں کا جانا بھی منع ہے


سوال: بیت المعمور کون سی جگہ ہے؟

جواب: ساتویں آسمان پر نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے لیے بیت المعمور ظاہر کیا گیا- بیت المعمور عین خانہ کے اوپر ہیں

سوال: سفر معراج سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

جواب: سفر معراج سے یہ سبق ملتا ہے کہ وقت کا چلنا اور فاصلوں کا سمٹ نہ سب اللہ کی قدرت سے ہے اللہ تعالی جب چاہے وقت کی رفتار کو روک لے اور زمین و آسمان کے فاصلوں کو اپنی قدرت سے سمیٹ دے

## سرگرمی



تاریخ: ______________ دن : ______________

## سبق: مواخات مدینہ

### عنوان: سوالات کے مختصر جواب

سوال: مواخات مدینہ سے کیا مراد ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار مہاجرین کے درمیان یہ رشتہ کیوں قائم کیا؟

جواب: ہجرت مدینہ کے بعد مسلمان خالی ہاتھ مدینہ پہنچے تھے ان کا کوئی ذریعہ معاش نہ تھا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے مہاجرین کی ضروریات پوری کرنے کے لیے مہاجرین اور انصار کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمایا جسے مواخات مدینہ کہتے ہیں۔

سوال: حضرت سعد بن ربیع رضی اللہ تعالی عنہ نے حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ تعالی عنہ سے کیا کہا؟

جواب: حضرت سعد بن ربیع نے کہا:

میں انصار میں سب سے زیادہ مالدار ہوں آپ میرا مال دو حصوں میں تقسیم کرکے آدھا حصہ لے لیں

سوال: اخوت کے کوئی سے دو فائدے تحریر کریں

جواب: 1- معاشرے میں محبت پیدا ہوتی ہے

2- معاشرے میں امن قائم ہوتا ہے

3- معاشرہ ترقی کرتا ہے

4- خیر خواہی کے جذبات پروان چڑھتے ہیں

تاریخ: ____________ دن : ____________

## سوچنے کی بات

اانصار کا پیشہ کیا تھا؟

____________

مہاجرین کا پیشہ کیا تھا؟

____________

مواخات میں انصار اور مہاجرین کی تعداد کتنی تھی؟

____________

آپؐ نے انصار اور مہاجرین کو کس کے گھر جمع کیا؟

____________

تاریخ: ____________ دن : ____________

## سبق:رواداری

## عنوان:مختصر جواب

**سوال:رواداری سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:دین اسلام میں دوسروں کے مذہبی عقائد، جذبات اور رسم ورواج کالحاظ رکھنا ان کو برداشت کرنارواداری کہلاتا ہے۔**

**سوال:رواداری کی کوئی سی دوفائدے تحریر کریں۔**

**جواب:معاشرے میں ہر طرف امن ہوتا ہے۔**

ایک دوسرے کی رائے اور جذبات کے احترام کا سبق ملتا ہے۔

صبر و تحمل جیسی صفات پیدا ہوتی ہیں۔

معاشرہ ترقی کرتا ہے۔

سوال: نبی اکرمؐ نے نجران کے مسیحی وفد سے کیا سلوک فرمایا؟

جواب: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نجران کے عیسائیوں کے وفد کو مسجد نبوی میں ٹھہرایا۔ ان کے آگے اسلام کی دعوت پیش کی لیکن انہوں نے انکار کر دیا۔ لیکن پھر بھی آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے انہیں ان کے طریقے کے مطابق مسجد نبوی میں عبادت کرنے کی اجازت دے دی

ہم اپنے سکول اور محلے میں کس طرح

رواداری کا مظاہرہ کر سکتے ہیں چند جملے

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

تاریخ: ______________ دن : ______________

## سبق : آخرت

## عنوان: مختصر جواب تحریر کریں

سوال۔ آخرت پر ایمان رکھنے کا کیا مطلب ہے ؟

جواب:______________________________

______________________________

سوال حدیث مبارک کی روشنی میں دنیا کی حقیقت کیا ہے ؟

جواب:______________________________

سوال نمبر قرآن مجید میں موجود آخرت کے کوئی سے تین نام لکھیں۔

جواب:______________________________

______________________________

سوال۔ آخرت میں کامیابی کا انحصار کس بات پر ہے ؟

جواب:______________________________

______________________________

**دنیا اور آخرت کی رندگی کے بارے میں چند جملے لکھیں**

جواب:______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

تاریخ: ____________ دن : ____________

## سبق : آخرت

عنوان۔ تفصیلی جواب

سوال نمبر 1۔ قرآن و حدیث کی روشنی میں آخرت کی اہمیت واضح کریں۔

جواب:______________________________

سوال نمبر 2۔ عقیدہ آخرت کے انسانی زندگی پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟

جواب:______________________________

تاریخ: ____________ دن: ____________

سبق: معراج النبی صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم

عنوان: مختصر جواب تحریر کیجیے

سوال: سفر معراج سے کیا مراد ہے

جواب: ____________

____________

سوال: سدرۃ المنتہی کیا ہے

جواب: ____________

____________

سوال: بیت المعمور کون سی جگہ ہے ؟

جواب: ____________

____________

سوال: سفر معراج سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے ؟

جواب: ____________

____________

تاریخ: ____________ دن: ____________

سبق: مواخات مدینہ

عنوان: سوالات کے مختصر جواب

سوال: مواخات مدینہ سے کیا مراد ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار مہاجرین کے درمیان یہ رشتہ کیوں قائم کیا؟

جواب: ____________

____________

سوال: حضرت سعد بن ربیع رضی اللہ تعالی عنہ نے حضرت عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ تعالی عنہ سے کیا کہا؟

جواب:

سوال: اخوت کے کوئی سے دو فائدے تحریر کریں

جواب:

تاریخ: دن:

سبق: رواداری

عنوان: مختصر جواب

سوال: رواداری سے کیا مراد ہے؟

جواب:

سوال: رواداری کی کوئی سی دو فائدے تحریر کریں۔

جواب:

سوال: نبی اکرمؐ نے نجران کے مسیحی وفد سے کیا سلوک فرمایا؟

جواب: